سوال

(189)خواتین بھی استرا استعمال کے سکتی ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورتیں موئے عانہ استرے سے صاف کر سکتی ہیں اگر جائز ہے تو جواز کی کیا دلیل ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں متعدد دلائل کی وجہ سے یہ انکے لئے جائز ہے جو ذکر کئے جاتے ہے ہیں :

اول : جابر کی حدیث ہے اسمیں ہے : ''جب ہم مدینہ پہنچے اور گھروں میں داخل ہونے لگے تو نبی ﷺ نے فرمایا : ''ٹھرو ہم رات کو یعنی عشاء کو داخل ہونگے تا کے پراگندہ بالوں والی کنگھی کرسکے اور غائب خاوندوالی استرا استعمال کرسکے یعنی موئے عانہ کی صفائی کرسکے '' (بخاری (1 760) مسلم (1 474) المشکاۃ (2 267) تو استرے مے استعمال کی یہ نص صریح ہے ۔

عورتوں کےلئے استرا استعمال مے نے سے ممانعت اور وجہ سے ہے اور وہ یہ مے اطباء کے قول کے مطابق استرے کے استعمال سے شہوت بڑھتی ہے ۔ تو یہ کوئی شرعی بات نہیں اسلئے نبی ﷺ کی اباحت کے بعد منع کرنا جائز نہیں ۔

دوسری : عبدالرحمن بن اسود سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کے میرے والد مجھے بلوغت سے پہلے عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا کرتے تھے جب میں بالغ ہوا تو آکر میں نے (باہر سے) آوازدی 'غسل کس چیز سے فرض ہوتا ہے ؟ تو فرمایا : جب مل جائیں استرے کے استعمال کی جگہیں '' ۔ (دار قطنی (2 242) الطحاوی (2 48)

اور اسے ابن سعد نے الطبقات میں اور امام نے تاریخ کبیر میں ذکر کیا ہے اور اسکے روای ثقہ ہیں اور عبدالرحمٰن کے عائشہ سے سماع میں اختلاف ہے ظاہری یہی ہے کے ان سے ان کا سماع ثابت ہے جیسے کے دار قطنی نے کہا ہے ۔

امام نووی نے شرح مسلم -(1 474) میں کہا ہے : استحداد : موئے عانہ کی صفائی میں لوہا (استرا) استعمال کرنا ۔ اور یہاں مراد ہے کے جیسے اس کا ازالہ ہوجائے ۔ نیل الاوطار (1 123) میں اسی کی طرف اشارہ کیا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الدین الخالص

ج1ص414